Fairfax County PUBLIC SCHOOLS ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

پوسٹ سیکنڈری تعلیم کی درخواستوں کی معاونت کیلئے طالبعلم کے ریکارڈ جاری کرنے کا اجازت نامہ

ہدایات برائے استعمال: یہ فارم والدین اور سرپرست یا 18 سال یا اس سے زائد عمر کے طالبعلموں کی طرف سے ایک اجازت نامے کے طور پر استعمال کیا جائے گا جس میں فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) کے پاس طالبعلم کے ریکارڈ اور متعلقہ معلومات کو طالبعلم کی کالجوں ، یونیورسٹیوں ، اسکالرشپ اسپانسرز ، آجروں ، یا دیگر اس طرح کی تنظیموں کو دی گئی درخواستوں کی حمائت کرنے کیلئے جاری کرنے کا اختیار حاصل ہوگا ۔ ان تمام اسکولوں اور اداروں کی شناخت کرنے کیلئے جن میں ریکارڈ بھیجے جاسکتے ہیں ، طالبعلم ، والدین/ سرپرست ایک علیحدہ فارم استعمال کریں گے ، آپکے اسکول کے ٹرانسکرپٹ کی درخواست کا فارم ۔

رضا مندی

ذیل میں ، میرے دستخط کے ذریعے، میں FCPS کو طالبعلم کے اسکول ٹرانسکرپٹ کی درخواست کے فارم پر نشاندہی کیۓ گئے کسی بھی اسکول اور ادارے اسکول کو کوئی بھی اسکول ریکارڈ یا دیگر معلومات ، جسکی درخواست کی گئی ہو، دینے کی اجازت دیتا / دیتی ہوں ۔ اس میں ، لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ، ٹرانسکرپٹ ، دیگر اسکول کے ریکارڈ ، اورFCPS کے عملہ کی طرف سے لکھے گئے میری سفارش کے خطوط ، شامل ہوسکتے ہیں ۔ البتہ ، اس میں خاص طور سے نظم و ضبط کی معلومات جاری کرنے کی اجازت شامل نہیں ہے ۔

ذیل میں میرے دستخط کرنے کے ذریعے، میں FCPS کے اہلکاروں بشمول ، لیکن یہ انہی تک محدود نہیں ، ایڈمنسٹریٹر، اساتذہ ، اور کونسلرز کو بھی ، میری درخواست اور کوائف کے بارے میں انکوائری کرنے والے اسکول یا ادارہ سے رابطہ کرنے اور جواب دینے کی اجازت دیتا / دیتی ہوں ۔

FCPS مطلوبہ ریکارڈ یا معلومات درخواست کے عمل کو آسان بنانے کے لیۓ اسکول یا ادارہ کو یا اسکول یا ادارہ کی طرف سے استعمال کی جانے والی سروسز کو الیکٹرانک طریقے سے یا براہ راست جاری کرسکتا ہے ۔ ان سروسز میں ، لیکن انہی تک محدود نہیں ، عام درخواست ، Naviance Student ، کولیشن فار کالج اور FCPS کی طرف سے بروئے کار لائی گئی دیگر سروسز شامل ہیں ۔

میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ میں FCPS کو اپنے ٹرانسکرپٹ کی درخواست کے فارم پر دی گئی کالجوں ، اسکالرشپس اور دیگر تنظیموں کو ، ڈیٹا بھیجنے کی اجازت دے رہا / رہی ہوں جو کہ عام طور پرالیکٹرانک پورٹل کے ذریعہ ارسال کئے جاتے ہیں ۔ جب میرا ڈیٹا الیکٹرانک طریقہ سے جمع کرایا جائے گا ، FCPS درست پورٹل استعمال کرے گا جہاں براؤزر padlock آئیکون دکھاتا ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ڈیٹا ویب سائٹ کیلئے encrypted یا خفیہ انداز میں رکھا گیا ہے ۔ میں تسلیم کرتا / کرتی ہوں کہ میں ڈیٹا کالج یا تنظیم کو جاری کرنے سے پہلے اس کی شرائط اور پرائیویسی پالیسی کو سمجھنے کا / کی ذمہ دار ہوں کہ وہ کیسے اس ڈیٹا کو ذخیرہ کریں گے ، محفوظ کریں گے اور استعمال کریں گے ۔

مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ مجھے ایسے کسی بھی ریکارڈ کا جائزہ لینے اور نقل حاصل کرنے کا حق حاصل ہے جو FCPS نے کسی اسکول یا ادارہ کو بھیجی ہیں ۔ البتہ ، ذیل میں دیئے گئے بیان کا جی ہاں میں جواب دینے کی صورت میں ، میں نے FCPS کے اہلکاروں کی طرف سے لکھے گئے کسی بھی سفارش کے خط کا جائزہ لینے اور نقل حاصل کرنے کا حق معاف کردیا ہے ۔

اگر کسی درخواست میں طالبعلم کا سوشل سیکورٹی نمبر (SSN) ، درکار ہے یا گذارش کی گئی ہے ، FCPS عملہ کے ارکان کو طالبعلم کی جانب سے یہ SSN نہیں تحریر کرنا چاہیئے ۔

☐ جی ہاں، میں FCPS عملہ کے تحریرشدہ کسی بھی سفارشی خط کا جائزہ لینے اور نقل حاصل کرنیکا حق معاف کرتا / کرتی ہوں ۔

☐ جی نہیں ، میں FCPS عملہ کے تحریرشدہ کسی بھی سفارشی خط کا جائزہ لینے اور نقل حاصل کرنے کا حق معاف نہیں کرتا / کرتی ہوں ۔

ذیل میں دستخط سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ میں نے رضامندی کا فارم پڑھ اور سمجھ لیا ہے ۔ میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ یہ اجازت نامہ اس وقت تک لاگو رہے گا جب تک میں اس اجازت نامہ کو تحریری طور پر واپس نہ لے لوں ۔

نوٹ : والدین اور/ یا سرپرست اور طالب علم ، دونوں کو، 18 سال سے کم عمر طالبعلم کیلئے ، اس فارم کو دستخط کرنے لازمی ہیں ۔ طالبعلم کے 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہونے یا اس کے پوسٹ سیکنڈری اسکول جانے کی صورت میں ، والدین اور/ یا سرپرست کے دستخط ضروری نہیں ہیں ۔

طالبعلم کا نام (جلی حروف میں لکھیئے)	طالبعلم کی آئی ڈ ی	تاریخ

طالبعلم کے دستخط	والدین اور/ یا سرپرست کے دستخط (اگر طالبعلم 18 سے کم عمرہے)